Osloskolen

Oslo

Lakkegata سکول میں تعلیمی سال 2023-2022 میں پہلی تا چوتھی جماعت کے طالبعلموں کے سرپرستوں کے لیے معلومات

اوسلو، 10.3.2022

تعلیمی سال 2023-2022 میں پہلی تا چوتھی جماعت کے لیے AKTIVITETSSKOLEN/AKS (ایکٹویٹی سکول) میں مفت جزوقتی سیٹ کے بارے میں معلومات

Lakkegata سکول میں پہلی تا چوتھی جماعت میں داخل ہونے والے تمام بچوں کو تعلیمی سال 2023-2022 میں AKS (ایکٹویٹی سکول) میں مفت جزوقتی سیٹ کی پیشکش مل رہی ہے۔ یہ پیشکش اگست 2022 سے دستیاب ہے۔

AKS میں مفت جزوقتی سیٹ کا نظام کیا ہے؟

- 12 گھنٹوں کی پیشکش کو روزانہ سکول سے چھٹی کے بعد برابر طور پر تقسیم کیا جائے گا، اس طرح اس سروس کی منصوبہ بندی اور بہتر معیار کے اچھے امکانات مہیا ہوتے ہیں
- سکول کی تعطیلات (خزاں اور سردیوں کی تعطیلات، کرسمس اور ایسٹر کی تعطیلات، اور جولائی کےعلاوہ جب AKS بند ہوتا ہے، گرمیوں کی تعطیلات کے ہر ہفتے) میں فی ہفتہ 2 دن
- تعلیمی سال میں پلاننگ کے دنوں میں/ سرکاری تعطیل کے بعد آنے والی سکول کی چھٹی کے دن طالبعلم AKS میں آدھا دن رہ سکتا ہے۔ (سکول کے پلاننگ کے دنوں میں AKS سال میں 2 دن تک بند رہ سکتا ہے)

اگر آپ چاہتے ہوں کہ بچہ تعلیم میں معاون تمام سرگرمیوں میں شریک ہو تو آپ رعایتی فیس پر کل وقتی سیٹ لینے کی درخواست دے سکتے ہیں۔

رعایتی فیس پر کل وقتی سیٹ

کل وقتی سیٹ کی فیس سرپرستوں کی آمدنی پر منحصر ہوتی ہے اور ماہوار 1069 کرونر تک ہوتی ہے۔ کل وقتی سیٹ رکھنے والا بچہ سکول کے اوقات سے پہلے بھی اور بعد میں بھی، اور سکول کی تعطیلات (جولائی کے علاوہ) کے تمام دنوں میں AKS میں رہ سکتا ہے۔

زیادہ شرکت اور زبان کی بہتر اہلیت

AKS سیکھنے کیلئے ایک متبادل ماحول ہے جو کھیل اور تعلیم کے ذریعے بچوں کی تعلیمی اور سوشل نشوونما کو تقویت دے گا۔ سکول کے ساتھ تعاون رکھتے ہوئے AKS ایک جامع پیشکش فراہم کرے گا۔

اس سروس کے مواد کی بنیاد AKS کے لیے فریم ورک پلان اور AKS ضابطہ نیز گھر اور سکول کے باہمی تعاون کے لیے گائیڈ پر ہے۔

AKS میں مفت جزوقتی شرکت کا مقصد یہ ہے:

- AKS میں شرکت بڑھائی جائے
- طالبعلموں کی زبان کی اہلیت بہتر بنائی جائے
- AKS کا معیار بلند کیا جائے اور سب کیلئے مساوی پیشکش یقینی بنائی جائے

AKS میں داخلے کی درخواست اس طرح دی جاتی ہے

AKSمیں بچوں کے نام لکھوانے کیلئے سرپرستوں کو بلدیہ اوسلو کی ویب سائیٹ پر موجود پورٹل استعمال کرنا ہوگا:
www.oslo.kommune.no/skole-og-utdanning/aktivitetsskolen/sok-plass-pa-aktivitetsskolen

اس بارے میں مزید معلومات کیلئے کہ کونسے سکول AKS میں مفت جزوقتی سیٹ فراہم کرتے ہیں، دیکھیں:
https://www.oslo.kommune.no/skole-og-utdanning/aktivitetsskolen/gratis-deltidsplass/

اگر آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہو تو سکول سے رابطہ کریں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

Osloskolen کا عملہ